جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں۔

اس کتاب کو یا اس کے کسی بھی حصّے، لے آؤٹ، مرکزی خیال اور انداز تحریر کو ادارے کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی حالت میں نہ تو شائع کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی نقل کیا جا سکتا ہے۔ ادارہ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

AtlanticKids

# اُردو

## کی کتاب

## 4

...Since 1987

بولتی کتابیں®

Javed Publishers®

Licensed exclusively to publish in Pakistan.
2-Outfall Road, Lahore-Pakistan. +92 42 37239505
www.javedpublishers.com
Text copyright reserved with the publisher
Illustration copyright © 2020 Qaba Enterprises
All rights reserved
Manufactured in Lahore-Pakistan

سبق 1

# حمدِ باری تعالیٰ

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا دو جہاں کا والی کون ہے؟

جواب: دو جہاں کا والی اللہ تعالیٰ ہے۔

ب ہر چیز سے کیا ظاہر ہے؟

جواب: ہر چیز سے اللہ تعالیٰ کی حکمت ظاہر ہوتی ہے۔

ج پیارا نام کس کا ہے؟

جواب: پیارا نام اللہ تعالیٰ کا ہے۔

د اس حمد کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: صوفی غلام مصطفیٰ تبسّم

**2** " حمد" کے مطابق درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا اے دو جہاں کے:

- مالک
- پروردگار
- والی
- ربّ

ب ہر چیز سے ہے:

- ظاہر
- عیاں
- واضح
- نمایاں

ج پھولوں میں تیری:

- رنگت
- سبزا
- لالی
- خوش بو

د پھولوں بھری:

- زمیں کا
- آسماں کا
- گلستاں کا
- جہاں کا

**3** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| حکمت | اللہ تعالیٰ کی حکمت نرالی ہے۔ |
| ظاہر | ہر چیز سے اللہ تعالیٰ کی حکمت ظاہر ہوتی ہے۔ |
| فیض | سرسبز باغ اللہ کے فیض سے ہیں۔ |
| دنیا | یہ دنیا اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔ |
| رنگت | باغ میں پھولوں کی رنگت دل کو لبھانے والی ہے۔ |

**4** دیے گئے شعر کا مطلب لکھیں۔

تیرے ہی فیض سے ہے سر سبز ڈالی ڈالی

اللہ تعالیٰ ہی کے فضل سے درختوں کی شاخیں سرسبز ہیں۔

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں میں سے کلمہ اور مہمل الگ الگ کر کے لکھیں۔

ا علی جھوٹ موٹ رونے لگا۔

ب سارہ گم صم بیٹھی ہے۔

ج لڑکوں نے بات گول مول کر دی۔

د تم ٹال مٹول سے کام نہ لو۔

ہ اپنا کام وام وقت پر کرو۔

| کلمہ | مہمل |
|---|---|
| جھوٹ | موٹ |
| گم | صم |
| گول | مول |
| ٹال | مٹول |
| کام | وام |

سبق 2 

# نَعتِ رسولِ مقبول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا کن کے دَم سے زمانے میں اُجالا ہے؟

جواب: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے دم سے زمانے میں اُجالا ہے۔

ب کس نے انسان کو محبت اور اخوّت کا سبق سکھلایا ہے؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے انسان کو محبت اور اُخوت کا سبق سکھلایا ہے۔

ج حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ دُشمن کو کیسے معاف کیا کرتے تھے؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ دشمن کو ایسے معاف کیا کرتے جیسے اس کی کوئی خطا نہ تھی۔

د اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید کس نبی پر اُتارا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پر قرآنِ مجید اُتارا۔

ہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے ہمیں کس چیز کا راستہ دکھلایا؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے ہمیں صداقت کا راستہ دکھلایا۔

**2** ”نعت“ کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا میرے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ صلے علیٰ کی ___شان___ اعلیٰ ہے

ب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے دَم سے ہی سارے زمانے میں ___اُجالا___ ہے

ج مجھے جب بھی کسی شے کی کمی ___محسوس___ ہوتی ہے

د میرے اللہ نے ___قرآن___ کو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ہی پر اُتارا ہے

ہ جہاں بھر کے لیے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ رحمتیں ___دامن___ میں لائے ہیں

3 جس نظم میں پیارے نبی ﷺ کی تعریف بیان کی جائے ، وہ نظم ''نعت'' کہلاتی ہے۔
پیارے نبی ﷺ کی تعریف میں چند جملے لکھیں۔

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی شان سب سے اعلیٰ ہے۔ آپ ﷺ کے دم سے ہی سارے

زمانے میں اُجالا ہے۔ آپ ﷺ نے ہمیں محبت واخوت کا سبق سکھایا۔

4 درست اِملا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کمی | قمی | واستے | واسطے | ماف | معاف |
| اخوّط | اخوّت | اُجالہ | اُجالا | مہبت | محبت |

## قواعدِزبان

''چہل پہل'' دو الفاظ سے مل کر بنا ہے۔ دیے گئے الفاظ کی مدد سے مرکب الفاظ بنا کر لکھیں۔

شپ ، جھم ، پہچانی ، بشاش

| | | | |
|---|---|---|---|
| گپ | شپ | رم | جھم |
| جانی | پہچانی | ہشاش | بشاش |

واحد الفاظ کی جمع لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد | آسمان | زمین | ڈالی | چیز | مالی |
| جمع | آسمانوں | زمینوں | ڈالیاں | چیزوں | مالیوں |

سبق 3

# قائدِاعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قانون کی اعلیٰ تعلیم کے لیے کہاں گئے؟

جواب: قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن گئے۔

ب قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے قانون کی اعلیٰ تعلیم کے لیے کس درس گاہ کا انتخاب کیا؟

جواب: قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جس درس گاہ کا انتخاب کیا، اس میں دنیا کے بڑے قانون دانوں کی فہرست میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام سب سے اوپر تھا۔

ج قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کراچی سے ڈھاکہ کا سفر کیوں ملتوی کیا؟

جواب: ایک دفعہ قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو نہایت ضروری کام سے فوری طور پر ڈھاکہ جانا پڑا۔ اِس وقت پاکستان کے پاس کوئی ایسا جہاز نہ تھا جو پٹرول لینے کے لیے دہلی رکے بغیر کراچی سے ڈھاکہ پرواز کرسکتا۔ قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنا سفر ملتوی کردیا اور یہ بات گوارا نہ کی کہ وہ دہلی کے ہوائی اڈے پر جہاز اُتاریں۔

د انگریز نے قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے کیا کہا؟

جواب: انگریز نے کہا: ”مسٹر جناح! آپ تو کسی کے سامنے جھکنا پسند نہیں کرتے لیکن آج میں دیکھوں گا کہ آپ میرے سامنے کیسے نہیں جھکتے۔“

ہ قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سجدے میں کن کے لیے دعا مانگ رہے تھے؟

جواب: قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سجدے میں پڑے بڑی بے قراری سے مسلمانوں کے لیے دعا مانگ رہے تھے۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے ___لندن___ گئے۔

ب قائداعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو ___دینِ اسلام___ سے بے حد محبت تھی۔

ج قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ ____سجدے____ میں مسلمانوں کے لیے دعا مانگ رہے تھے۔

د اچانک قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ کی ____عینک____ نیچے گر گئی۔

ہ مسلسل کام کی وجہ سے قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ کی ____صحت____ خراب رہنے لگی۔

## 3 درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ کو کس سے بہت محبت تھی؟

- لندن سے
- دینِ اسلام سے (✓)
- قانون سے
- انگریزوں سے

ب لندن کی جس درس گاہ میں قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ نے داخلہ لیا، اس کی فہرست میں سب سے اوپر کس کا نام تھا؟

- علامہ اقبال رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ کا
- حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کا (✓)
- حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلام کا
- حضرت موسیٰ عَلَیہِ السَّلام کا

ج قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ نے عینک گرنے کے بعد کیا کیا؟

- خاموش رہے
- دوسری عینک نکال لی (✓)
- عینک اُٹھا لی
- جھک گئے

د قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ سجدے میں پڑے بے قراری سے کس کے لیے دعا کر رہے تھے؟

- عِزّت کے لیے
- حکومت کے لیے
- مسلمانوں کے لیے (✓)
- اپنے لیے

## 4 درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ جس بات کا ارادہ کر لیتے، اُس سے ذرا بھی پیچھے نہ ہٹتے۔ ✓

ب قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ سجدے میں پڑے مسلمانوں کے لیے دعا مانگ رہے تھے۔ ✓

ج محمد علی جناح کو قوم سے ''قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ'' کا لقب ملا۔ ✓

د قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ نے تمام زندگی اصول پسندی سے گزاری۔ ✓

ہ قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ عَلَیہ کا مزار لاہور میں ہے۔ ✗

**5** درست املا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | |
|---|---|
| سفر | ثفر |
| مسروف | مصروف |
| ڈھاکہ | ڈھاکا |

| | |
|---|---|
| صویرے | سویرے |
| خراب | حراب |
| ملازم | ملاضم |

## قواعدِ زبان

دیے گئے الفاظ پڑھیں اور آواز کی مناسبت سے "ی" اور "ے" کا درست استعمال کرتے ہوئے خالی جگہ پُر کریں۔

نیک = ن ـــےـــ ک

بین = ب ـــیـــ ن

تیز = ت ـــےـــ ز

ریت = ر ـــےـــ ت

تیل = ت ـــےـــ ل

چیل = چ ـــیـــ ل

سبق 4

# حکایاتِ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کون تھے؟

جواب: شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک بہت بڑے عالم تھے۔

ب شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا تعلق کس شہر سے تھا؟

جواب: شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا تعلق ایران کے مشہور شہر شیراز سے تھا۔

ج بادشاہ کے دربار میں کون داخل ہوا؟

جواب: بادشاہ کے دربار میں شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ داخل ہوئے۔

د شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو بچپن ہی سے کس کام کا شوق تھا؟

جواب: شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو بچپن ہی سے عبادت کا شوق تھا۔

ہ چوتھی حکایت میں فقیروں کو کیوں قید کیا گیا؟

جواب: چوتھی حکایت میں فقیروں کو جاسوسی کے الزام میں قید کیا گیا۔

**2** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا تعلق ایران کے مشہور شہر ___شیراز___ سے تھا۔

- تہران
- اصفہان
- شیراز ◉
- تبریز

ب دونوں فقیروں کو ایک گھر میں قید کیا گیا اور گھر کا دروازہ بند کر دیا گیا:

- پتھروں سے
- مٹی سے ◉
- اینٹوں سے
- ریت سے

ج شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی حکایات کی مشہور کتاب ہے:

- گلستانِ سعدی ◉
- پیامِ مشرق
- بالِ جبریل
- بانگِ درا

د شیخ سعدی رَحمۃُاللہِ تعالیٰ علیہ کو سب سے پچھلی قطار میں بٹھا دیا گیا جہاں لوگوں کی رکھی ہوئی تھیں:

- چادریں
- جوتیاں
- ٹوپیاں
- کتابیں

ہ کمزور فقیر کو اس کی کس عادت نے زندہ سلامت رکھا؟

- شُکر کی
- خدمت کی
- صبر کی
- کم بولنے کی

**3** خالی جگہ پُر کریں۔

ا شیخ سعدی رَحمۃُاللہِ تعالیٰ علیہ ایک بہت بڑے ____عالم____ تھے۔

ب صحت مند فقیر دن میں ____تین____ بار کھانا کھاتا تھا۔

ج شیخ سعدی رَحمۃُاللہِ تعالیٰ علیہ کی کتابوں کے نام ____گلستانِ سعدی رَحمۃُاللہِ تعالیٰ علیہ____ اور ____بوستانِ سعدی رَحمۃُاللہِ تعالیٰ علیہ____ ہیں۔

د آخرت میں راحت صرف ____نیک____ اعمال کی وجہ سے ملتی ہے۔

ہ ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ ____قیامت____ کا روز ہے۔

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| شہرت | علامہ اقبال کی شاعری کو بہت شہرت حاصل ہے۔ |
| صبر | اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ |
| بچپن | بچوں کو بچپن سے ہی اچھی عادتیں سکھانی چاہئیں۔ |
| عبادت | ہمیں صرف اللہ کی عبادت کرنی چاہیے۔ |
| قیامت | مسلمان قیامت کے دن پر یقین رکھتے ہیں۔ |

# قواعدِ زبان

دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | خوشی | گرم | جوان | دھوپ | سردی |
|---|---|---|---|---|---|
| متضاد | غم | ٹھنڈا | بوڑھا | چھاؤں | گرمی |

دیے گئے واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد لکھیں۔

| واحد | کتاب | سکول | روشنی | درخت | ٹہنی |
|---|---|---|---|---|---|
| جمع | کتابیں | سکولوں | روشنیوں | درختوں | ٹہنیوں |

خالی جگہ میں ''کو، کا، کی، کے'' لگائیں۔

عاصم ___کے___ کھلونے　　احمد ___کو___ بلاؤ　　دوپہر ___کا___ کھانا　　چڑیا ___کی___ چوں چوں

سبق 5

# حوالدار لالک جان شہید

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا حوالدار لالک جان کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: حوالدار لالک جان 1 اپریل 1967ء کو گلگت بلتستان میں پیدا ہوئے۔

ب لالک جان سے جب محاذ سے پیچھے جانے کی بات کی گئی تو اُنھوں نے کیا کہا؟

جواب: لالک جان سے محاذ سے پیچھے جانے کی بات کی گئی تو اُنھوں نے کہا: ''زخمی ہو کر پیچھے جانے سے بہتر ہے کہ اِن زخموں کا حساب لیا جائے اور دُشمن کو سبق سکھایا جائے۔''

ج دُشمنوں کے دوسرے گولے سے حوالدار لالک جان کو کیا نقصان پہنچا؟

جواب: دشمنوں کے دوسرے گولے سے حوالدار لالک جان کی دائیں ٹانگ اور دایاں بازو کٹ گیا۔

د حوالدار لالک جان نے شدید زخمی ہونے کے بعد کون سی پوزیشن اختیار کی؟

جواب: حوالدار لالک جان کی ایک ٹانگ اور ایک بازو کٹ چُکا تھا اور پیٹ کا دایاں حصّہ شدید زخمی تھا۔ اُنھوں نے مشین گن کی بیرل کو بائیں پاؤں کے انگوٹھے اور اُنگلی کے درمیان تھاما لیکن اَب وہ سیدھے نہیں بیٹھ سکتے تھے، اِس لیے لیٹ گئے۔ پھر اُنھوں نے اِس شدید زخمی حالت میں ایک رَسّی کو مشین گن کے ٹریگر کے ساتھ باندھا اور دوسرے سرے کو اپنی گردن کے اُوپر سے گزار کر بائیں ہاتھ میں پکڑ لیا اور دُشمن کا انتظار کرنے لگے۔

ہ حوالدار لالک جان کے کارنامے پر اُنھیں کون سا فوجی اِعزاز دیا گیا؟

جواب: حوالدار لالک جان کے کارنامے کی بنا پر ان کو پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز ''نشانِ حیدر'' دیا گیا۔

**2** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا لالک جان کی تاریخ پیدائش ہے:

○ 1 اپریل • 12 مئی • 18 نومبر • 10 دسمبر

ب لالک جان کو اُن کے کارنامے کی بنا پر پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اِعزاز ......نشانِ حیدر...... دیا گیا۔

- ○ نشانِ حیدر
- تمغۂ شجاعت
- تمغۂ امتیاز
- تمغۂ جرات

ج دوسرا گولہ گرنے سے لالک جان کا کٹ گیا:

- بایاں پاؤں
- دایاں پاؤں
- ○ دایاں بازو
- بایاں بازو

ہ کس محاذ پر لڑائی پُورے زوروں پر تھی؟

- کشمیر
- ○ کارگل
- سرحد
- واہگہ

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ کر کے لکھیں۔

1. بچّے باغِ جناح کی سیر کے لیے گئے۔
2. قائدِاعظم رَحمَۃُاللہِ تعالٰی عَلَیہِ ہمارے ملک کے بانی ہیں۔
3. سعدیہ جھولا جھول رہی ہے۔
4. زبیر نے سکول سے چُھٹی لے لی۔
5. ہم گھر میں قرآنِ مجید کی تلاوت کرتے ہیں۔
6. لاہور میں بہت سی تاریخی عمارتیں واقع ہیں۔

| اسم معرفہ | اسم نکرہ |
|---|---|
| باغِ جناح | بچے |
| قائدِاعظم رَحمَۃُاللہِ تعالٰی عَلَیہِ | ملک |
| سعدیہ | جھولا |
| زبیر | سکول |
| قرآنِ مجید | گھر |
| لاہور | عمارتیں |

سبق 6

# پہاڑ اور گلہری

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟

جواب: پہاڑ نے گلہری سے کہا کہ جو بات مجھ میں ہے وہ تجھے نصیب نہیں ہوسکتی۔ بھلا پہاڑ اور جانور کا کیا مقابلہ! پہاڑ نے کہا کہ میری شان کے آگے تو زمین بھی پست ہے تو پھر تجھے کس چیز کا غرور ہے۔ تجھے تو شرم سے ڈوب مرنا چاہیے۔

ب قدم اُٹھانے کی طاقت کس میں نہیں ہے؟

جواب: قدم اُٹھانے کی طاقت پہاڑ میں نہیں ہے۔

ج ہر چیز کس کی قدرت سے پیدا ہوتی ہے؟

جواب: ہر چیز اللہ کی قدرت سے پیدا ہوتی ہے۔

د نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کے شاعر کا نام علامہ اقبال رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ ہے۔

**2** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا پہاڑ نے بات کی:

- بھیڑیے سے
- گلہری سے
- لومڑی سے
- بکری سے

ب گلہری نے پہاڑ کو توڑنے کو کہا:

- لکڑی
- پھل
- چھالیا
- پھول

ج) جو بے شعور ہوں ، یوں __باتمیز__ بن بیٹھیں

- بے کار
- ناچیز
- بے باک
- باتمیز

د) گلہری کو درخت پر چڑھنا سکھایا:

- انسان نے
- پہاڑ نے
- خدا نے
- لومڑی نے

ہ) __زمیں__ ہے پست میری آن بان کے آگے

- پہاڑ
- آسماں
- وادی
- زمیں

**3** درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کریں۔

ا) کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا __اک گلہری سے__

ب) بھلا پہاڑ کہاں __جانور غریب کہاں!__

ج) خدا کی شان ہے ، ناچیز __چیز بن بیٹھیں__

د) کوئی بڑا ، کوئی چھوٹا ، یہ __اس کی حکمت ہے__

ہ) __یہ چھالیہ__ ہی ذرا توڑ کر دِکھا مجھ کو

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| غرور | انسان کا غرور کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں ہے۔ |
| پست | پست ہمّت لوگ ناکام ہوتے ہیں۔ |
| خوبی | احمد میں اچھّے انسان کی ہر خوبی موجود ہے۔ |
| قدرت | بارش اللہ کی قدرت سے برستی ہے۔ |
| طاقت | اللہ سب سے زیادہ طاقت رکھنے والا ہے۔ |

# قواعدِ زبان

درج ذیل میں سے جملے الگ کر کے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| آج موسم سہانا ہے۔ | آمنہ اور حسن | کسان ہل چلاتا ہے۔ |
| عامر کراچی جا رہا ہے۔ | گھر کی چھت | |

## جملے

آج موسم سہانا ہے۔

کسان ہل چلاتا ہے۔

عامر کراچی جا رہا ہے۔

سبق 7

# تعلیم و تربیت

## مشق

ا ہندوستان کا مشہور بادشاہ کہاں بیٹھا ہوا تھا؟

جواب: ہندوستان کا مشہور بادشاہ جلال الدین محمد اکبر اپنے ایک عقل مند وزیر بیربل کے ساتھ بیٹھا محل کی کھڑکی سے باہر دیکھ رہا تھا۔

ب بیربل کے مطابق کن لوگوں کو اِن کے ماں باپ نے بڑے لاڈ پیار سے پالا تھا؟

جواب: بیربل کے مطابق بھکاریوں، محتاجوں اور مزدوروں کو ان کے ماں باپ نے بڑے لاڈ پیار سے پالا تھا۔

ج جب بادشاہ نے فقیروں اور مزدوروں سے اِن کے خاندان کا پوچھا تو کیا پتا چلا؟

جواب: جب بادشاہ نے فقیروں اور مزدوروں سے اِن کے خاندان کے بارے میں پوچھا تو معلوم ہوا کہ واقعی اِن میں سے کوئی تاجر کا بیٹا تھا، کوئی بڑے عہدے دار کا اور کوئی بہت امیر شخص کا فرزند تھا۔

د کون سے لوگ تھے جن سے اِن کے ماں باپ نے بے جا لاڈ پیار نہیں کیا تھا؟

جواب: بادشاہ اکبر اور بیربل ان لوگوں میں شامل تھے جن سے ان کے ماں باپ نے بے جا لاڈ پیار نہیں کیا تھا۔

ہ انسان کے حالات سنوارنے میں کس چیز کا ہاتھ ہوتا ہے؟

جواب: انسان کے حالات سنوارنے میں قسمت کے علاوہ تعلیم و تربیّت اور محنت کا بھی بہت بڑا حصہ ہوتا ہے۔

**2** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا بیربل کون تھا؟

- طبیب
- بادشاہ
- وزیر
- قاضی

ب بیربل کے مطابق کون لوگ اپنے والدین کے بہت لاڈلے تھے؟

- بیربل
- بادشاہ
- مزدور اور بھکاری
- وزرا

ج بادشاہ کا کیا نام تھا؟

- جلال الدین محمد اکبر
- جلال الدین محمد اختر
- جلال الدین محمد بابر
- جلال الدین علی اکبر

د بیربل ایک ________ وزیر تھا۔

- عقل مند
- ظالم
- بے وقوف
- احمق

ہ بادشاہ نے فقیروں اور مزدوروں کے ساتھ کیا کیا؟

- مشاورت
- معاملات
- سوالات
- مناظرہ

**3** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| لطف اندوز | باغ کی سیر سے میں اور میرے ہم جماعت بہت لطف اندوز ہوئے۔ |
| معاملہ | ہمیں زندگی کے ہر معاملے میں صبر سے کام لینا چاہیے۔ |
| فرزند | ماں کو اپنے فرزند سے بہت محبت ہے۔ |
| ذمہ داری | عوام کو مناسب سہولیات دینا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ |
| پرورش | احسن نے اپنے بیٹے کی بہت اچھی پرورش کی۔ |

**4** دیے گئے الفاظ پر اِعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غَیرت | سَوالات | فُضُول خَرچی | بَرداشت | تَحقِیق |

# قواعدِزبان

غلط جملہ: آپ کہاں رہتے ہو؟ درست جملہ: آپ کہاں رہتے ہیں؟

دیے گئے جملوں کو درست کر کے لکھیں۔

ا یہ ماہِ رمضان کا مہینا ہے۔ یہ ماہِ رمضان ہے۔

ب میں نے آج لاہور جانا ہے۔ مجھے آج لاہور جانا ہے۔

ج یہ دہی بہت کھٹّی ہے۔ یہ دہی بہت کھٹا ہے۔

د آج منگل وار کا دن ہے۔ آج منگل وار ہے۔

ہ یہ ترازو کم تولتی ہے۔ یہ ترازو کم تولتا ہے۔

و تمھاری قلم کہاں ہے؟ تمھارا قلم کہاں ہے؟

سبق 8

# غرور کا انجام

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا امیر آدمی کیوں مغرور تھا؟

جواب: امیر آدمی اپنی دولت کی وجہ سے مغرور تھا۔

ب امیر آدمی کو بھکاری کی کس بات پر غصّہ آیا؟

جواب: امیر آدمی کو بھکاری کے اپنے کمرے میں گُھس آنے پر غصّہ آیا۔

ج امیر آدمی نے بھکاری کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

جواب: امیر آدمی نے اپنے دربان سے کہا کہ بھکاری کو گھسیٹ کر باہر لے جاؤ اور ایسی سزا دو کہ پھر ادھر آنے کی جرأت نہ کرے۔ دربان نے بھکاری کو اتنا مارا کہ اُس بے چارے کی چیخیں نکل گئیں۔

د امیر آدمی کا زوال کیسے شروع ہوا؟

جواب: امیر آدمی کے گھر میں چوری ہوگئی اور اس کا تجارتی جہاز سفر کے دوران سمندر میں ڈوب گیا اس طرح اس کا زوال شروع ہوگیا۔

ہ بھکاری امیر آدمی کیسے بنا؟

جواب: بھکاری محنت مزدوری کر کے امیر آدمی بنا۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا ___دولت___ نے امیر آدمی کو مغرور بنا دیا تھا۔

ب امیر آدمی بھکاری کی ___گستاخی___ پر سخت طیش میں آگیا۔

ج ___دربان___ نے بھکاری کو اتنا مارا کہ اس بے چارے کی چیخیں نکل گئیں۔

د کاروباری حساب چکانے میں گھر تک بِک گیا۔

ہ میں غریب تھا اللہ تعالیٰ نے میری فریاد سنی۔

3 درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا امیر آدمی کروڑوں روپے کماتا تھا:

- چوری سے
- تجارت سے
- لوٹ مار کے سامان سے
- دکان سے

ب کاروباری حساب چکانے میں امیر آدمی کا گھر تک بک گیا۔

- گھر
- گاڑی
- زیور
- سامان

ج امیر آدمی نے گھر کے دروازے پر کھڑا دیکھا:

- بھکاری کو
- دربان کو
- بزرگ کو
- نوجوان کو

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں کو ملانے کے لیے اِن کے درمیان مناسب حروفِ جار لگائیں۔

ا جلدی چلو ورنہ دیر ہو جائے گی۔

ب میں نے اُسے روکا مگر وہ باز نہ آیا۔

ج مجھے بھوک لگ رہی تھی اس لیے میں کیلا کھا رہا ہوں۔

سبق 9

# پڑوسی کا فرض

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا درخت پر کس کس پرندے کا گھونسلا تھا؟

جواب: درخت پر کوّے اور چڑیا کا گھونسلا تھا۔

ب چڑیا کے بچّوں کو کھانے کے لیے کون آیا تھا؟

جواب: چڑیا کے بچّوں کو کھانے کے لیے بلی آئی تھی۔

ج کوّے نے چڑیا کے بچّوں کو بلی سے کیسے بچایا؟

جواب: کوّا اُڑ کر چڑیا کے گھونسلے کی اوپر والی شاخ پر بیٹھ گیا اور درخت پر لگے کچے آم کاٹ کر نیچے گرانے لگا۔

جو بلی کے سر پر لگے اور وہ زخمی ہونے کے بعد بھاگ گئی۔

د چڑیا نے شکریہ ادا کیا تو کوّے نے کیا جواب دیا؟

جواب: کوّا بولا: ”شکریہ کی کیا بات ہے؟ ایک پڑوسی کا یہی فرض ہوتا ہے۔“

ہ کیا ہمیں بھی پڑوسی ہونے کا فرض ادا کرنا چاہیے؟

جواب: ہمیں بھی چاہیے کہ ہم بھی اپنے پڑوسیوں کا حق ادا کرتے رہیں۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا کسی باغ میں آم کا ایک ___درخت___ تھا۔

ب جب چڑیا باہر جاتی تو کوّا اس کے ____بچوں____ کی دیکھ بھال کرتا۔

ج چڑیا ____کھانے____ کی تلاش میں چلی گئی۔

د مصیبت میں ایک دوسرے کے کام آنا ہر پڑوسی کا ____فرض____ ہوتا ہے۔

3 درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا ایک دن کون بیمار پڑ گیا؟

- چڑیا
- کوّا
- چیل
- کبوتر

ب چڑیا کے بچّوں کی دیکھ بھال کی:

- فاختہ نے
- بلّی نے
- کوّے نے
- طوطے نے

ج کس کی نظر چڑیا کے بچّوں پر پڑی؟

- کتّے کی
- بلّی کی
- شیر کی
- گیدڑ کی

د کوّا بلّی کے سر پر کیا مارتا رہا؟

- آم
- امرود
- بادام
- ناریل

ہ ہر پڑوسی کا کیا فرض ہوتا ہے؟

- مصیبت میں ایک دوسرے کے کام آنا
- ایک دوسرے کو ستانا
- ایک دوسرے سے لڑنا
- ایک دوسرے کا حق مارنا

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| گھونسلا | درخت پر کوے اور چڑیا کا گھونسلا تھا۔ |
| پڑوسی | چچا حمید ہمارے پڑوسی ہیں۔ |
| ترکیب | چڑیا کے بچوں کو بچانے کے لیے کوے کو ترکیب سوجھی۔ |
| شک | کسی پر شک کرنا بُری بات ہوتی ہے۔ |
| تلاش | چڑیا کو خوراک کی تلاش میں گھونسلے سے باہر جانا پڑتا تھا۔ |

**5** درست املا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (پڑوسی) | پڑوثی | (ترکیب) | ترقیب | فرز | (فرض) |
| مسیبت | (مصیبت) | (ہمّت) | ہمّط | گھونسلہ | (گھونسلا) |

**6** دیے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَنّھے | کوّا | ہمَّت | کُود | کُتَرنا |

سبق 10

# درختوں سے محبت

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا چڑیاں کہاں بسیرا کرتی ہیں؟

جواب: چڑیاں درختوں پر بسیرا کرتی ہیں۔

ب درختوں سے ہمیں کیا ملتا ہے؟

جواب: درختوں سے ہمیں سایہ ملتا ہے۔

ج درختوں کی ٹھنڈی چھاؤں میں کون آرام کرتا ہے؟

جواب: درختوں کی ٹھنڈی چھاؤں میں دھوپ کے ستائے مسافر آرام کرتے ہیں۔

د ہمارے بڑے بوڑھے درختوں کے بارے میں کیا کہہ گئے ہیں؟

جواب: ہمارے بڑے بوڑھوں نے درختوں کے ہزاروں فائدے بیان کیے ہیں۔

ہ ہم بڑوں کی کون سی نصیحت یاد رکھیں؟

جواب: ہمارے بڑوں نے درختوں کو سدا آباد رکھنے کی نصیحت کی ہے جسے ہمیں یاد رکھنا چاہیے۔

**2** نظم کے مطابق درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا درختوں سے ___محبت___ ہم کریں گے

- احساس
- محبت
- نفرت
- عقیدت

ب درختوں کے ___ہزاروں___ فائدے ہیں

- صرف ایک
- ہزاروں
- تھوڑے سے
- چند

ج درختوں کی ___حفاظت___ ہم کریں گے

- حفاظت ● پرورش ● نگہبانی ● کٹائی

د ___خدا___ کی حمد گاتے ہیں پرندے

- خدا ● فرشتوں ● جنوں ● انسانوں

3 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| اثر | موسموں پر درختوں کی وجہ سے گہرا اثر پڑتا ہے۔ |
| فائدے | درختوں کے ہزاروں فائدے ہیں۔ |
| محبت | ہمیں اپنے وطن سے محبت کرنی چاہیے۔ |
| حفاظت | درختوں کی حفاظت کرنا ہم سب کا فرض ہے۔ |
| بسیرا | پرندے درختوں پر بسیرا کرتے ہیں۔ |

4 دیے گئے الفاظ کے شروع میں "نا" لگا کر نئے الفاظ بنائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ساز | ناساز | کارہ | ناکارہ | لائق | نالائق |
| اُمید | نااُمید | بینا | نابینا | قابل | ناقابل |

# قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں میں سے فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل کے جملے الگ الگ کر کے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 ہم نے آپ کا انتظار کیا۔ | 2 شان نے نیا کوٹ خریدا۔ | 3 عائشہ بریانی پکائے گی۔ |
| 4 مسلمان نماز پڑھتے ہیں۔ | 5 سدرہ کہانیاں پڑھتی ہے۔ | 6 بچے آم کھائیں گے۔ |
| 7 ڈاکٹر نے علاج کیا۔ | 8 ڈاکیا ڈاک لائے گا۔ | 9 مالی پودے لگاتا ہے۔ |

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| ہم نے آپ کا انتظار کیا۔ | مسلمان نماز پڑھتے ہیں۔ | ڈاکیا ڈاک لائے گا۔ |
| ڈاکٹر نے علاج کیا۔ | سدرہ کہانیاں پڑھتی ہے۔ | عائشہ بریانی پکائے گی۔ |
| شان نے نیا کوٹ خریدا۔ | مالی پودے لگاتا ہے۔ | بچے آم کھائیں گے۔ |

سبق **11**

# یومِ آزادی

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا عباس کہاں سے آیا تھا؟

جواب: عباس پہلی مرتبہ انگلینڈ سے پاکستان آیا تھا۔

ب عباس حیران کیوں تھا؟

جواب: عباس ہر آنے والے کی قمیص کی جیب پر پاکستانی جھنڈے کی چھوٹی سی تصویر لگی دیکھ کر حیران ہو رہا تھا۔

ج جشنِ آزادی کا اہتمام کس طرح کیا جاتا ہے؟

جواب: جشنِ آزادی کی صبح کا آغاز اذانِ فجر کے بعد اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں توپوں کی سلامی اور ملک بھر کی مسجدوں میں پاکستان کی ترقی اور خوش حالی کی دعاؤں سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے پرچم لہرایا جاتا ہے اور ساتھ قومی ترانہ پیش کیا جاتا ہے۔ تلاوتِ قرآنِ مجید اور نعت خوانی کے بعد صدرِ پاکستان اور وزیرِاعظم قوم سے خطاب کرتے ہیں۔ پھر 14 اگست کے حوالے سے بچّے مِلّی نغموں اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

د بچے 14 اگست کس طرح مناتے ہیں اور اس دن سکولوں میں کون سے خاص پروگرام ہوتے ہیں؟

جواب: یومِ آزادی بچّوں کے لیے تو بہت خاص ہے۔ اس دن سکولوں میں تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ جن میں بچے پاکستان کے حوالے سے ڈرامے اور ٹیبلو پیش کرتے ہیں، پاکستانی معلومات پر مبنی کوئز پروگرام ہوتے ہیں اور آخر میں بچّوں میں انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں۔ اس طرح بچّوں کو اپنے ملک کے لیے دی گئی قربانیوں اور اپنے بزرگوں کی خدمات کا پتہ چلتا ہے۔

ہ 14 اگست کو ہر کسی کا دل کیا دعا مانگتا ہے؟

جواب: اس دن ہر کسی کا دل صرف ایک ہی دعا مانگتا ہے کہ "اے خدا! ہمارے وطن کو شاد آباد رکھ، اسے غموں سے دُور رکھ اور ہمیں آپس میں محبت و اتفاق عطا کرتا کہ ہمارے دشمن کی ہمت نہ ہو سکے کہ وہ ہمارے وطن کی طرف بُری نظر سے دیکھے۔"

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا نوید صاحب کے گھر آج خاصی رونق تھی۔

ب پھوپھی جان مزے مزے کے کھانے بنا رہی تھیں۔

ج اے خدا! ہمارے وطن کو شاد آباد رکھ۔

**3** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| آغاز | ہمیں دن کا آغاز اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے کرنا چاہیے۔ |
| نظّارہ | صبح صبح باغ کا نظارہ بہت پُرکشش ہوتا ہے۔ |
| سجاوٹ | 14 اگست پر گلیوں اور گھروں میں سجاوٹ کی جاتی ہے۔ |
| استقبال | حج سے واپسی پر دادی جان کے استقبال کے لیے امّی اور ابّو ائیر پورٹ گئے۔ |
| پُر وقار | ہمارے سکول میں ہر سال 14 اگست پر پُر وقار تقریب کا انعقاد ہوتا ہے۔ |

**4** دیے گئے الفاظ پر اِعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَونَق | قُہقُہہ | اِستَقبال | نِہال | قَمِیص |

# قواعدِ زبان

**1** اس سبق میں واوین (" ") میں دیے گئے پانچ جملے اپنی کاپی میں لکھیں۔

"دادا جان! کیا یہاں پاکستانی جھنڈے کے بغیر کوئی قمیص نہیں پہنی جاتی ؟"

"پھر تو آج میں یہ نظارہ دیکھنے باہر ضرور جاؤں گا۔"

"اچھا دادا جان! جب 14 اگست کا دن شروع ہوتا ہے تو پھر اس دن کا استقبال کیسے کیا جاتا ہے؟"

"اچھا دادا جان! یہ بتائیں کہ ہمارے ملک کے بچّے یہ دن کس طرح مناتے ہیں؟"

"واہ! یہ تو بڑے مزے کی باتیں ہیں دادا جان۔ اب ایک آخری سوال، آپ مجھے یہ بتائیں کہ ہمارے عام شہری اس دن کا استقبال کیسے کرتے ہیں؟"

**2** دیے گئے الفاظ حروفِ تہجّی کی ترتیب سے خوش خط کر کے لکھیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکستان | قمیص | خوش نصیبی | جھنڈیوں | جیب | سرکاری | معلومات | دل چسپی | رونق | انگلینڈ |

انگلینڈ ــــــ پاکستان ــــــ جیب ــــــ جھنڈیوں

خوش نصیبی ــــــ دل چسپی ــــــ رونق ــــــ سرکاری

قمیص ــــــ معلومات

سبق 12

# صحت و صفائی

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا امّی جان نے حیدر کو کھانا کھانے سے کیوں روکا؟

جواب: کیوں کہ حیدر ہاتھ دھونا بھول گیا اور اُس نے بسم اللہ بھی نہیں پڑھی تھی۔

ب اسلام ہمیں صحت و صفائی کے متعلق کیا تعلیم دیتا ہے؟

جواب: اسلام ہمیں صاف ستھرا رہنے کی تعلیم دیتا ہے۔ ہم نماز سے پہلے وضو کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جو شخص دِن میں پانچ بار نماز پڑھے گا، وہ پانچ بار وضو بھی کرے گا۔ یوں صفائی سے اُس کا تعلق قائم رہے گا۔ اُس کا ہاتھ اور چہرہ سب صاف رہیں گے۔

ج سکول جانے والے بچوں کو صفائی کا خاص خیال کیوں اور کیسے رکھنا چاہیے؟

جواب: سکول جانے والے بچّوں کو صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ اگر وہ بیمار پڑ جائیں گے تو اُن کا تعلیمی نقصان ہوسکتا ہے۔ یوں وہ پڑھائی میں دوسرے بچّوں سے پیچھے رہ سکتے ہیں۔ انھیں چاہیے کہ ہر روز دانت صاف کیا کریں۔ ناخن بڑھ جائیں تو اُنھیں تراش لیا کریں۔ صاف ستھری چیزیں کھائیں۔ سکول کے باہر بکنے والی کھلی چیزیں نہ کھائیں۔

د ماحول کی خرابی کس کی پیدا کی ہوئی ہے؟

جواب: گاڑیوں کا دھواں، اے سی سے نکلنے والی گرم ہوا اور کچرا اِدھر اُدھر پھینک کر ہم خود اپنا ماحول خراب کرتے ہیں۔

ہ ڈینگی مچھّر کہاں رہتا ہے؟

جواب: ڈینگی مچھّر صاف اور ٹھہرے پانی میں رہتا ہے۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا ہم نماز سے پہلے ___وضو___ کرتے ہیں۔

ب ہمیں ہر اچھا کام ___اللہ___ کے نام سے شروع کرنا چاہیے۔

ج ڈینگی مچھّر ___صاف___ پانی میں رہتا ہے۔

د ہمیں چاہیے کہ زیادہ ___دھواں___ دینے والی گاڑیوں کی مرمّت کروائیں۔

ہ ہاتھ دھونے سے بیماری پیدا کرنے والے ___جراثیم___ مر جاتے ہیں۔

**3** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا سکول جانے والے بچّے بیمار پڑ جائیں تو اُن کا کیا ہوگا؟

- فائدہ
- بچاؤ
- تعلیمی نقصان ●
- مالی نقصان

ب ماحول میں جو خرابی آئی ہے وہ پیدا کردہ ہے:

- ہماری اپنی ●
- قدرت کی
- جانوروں کی
- پرندوں کی

ج ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے ہمیں زیادہ سے زیادہ لگانے چاہییں:

- درخت ●
- پوسٹرز
- جھنڈے
- بینرز

د ملیریا کا مچھّر ___گندے___ پانی میں رہتا ہے۔

- صاف
- بدبودار
- گندے ●
- تازہ

**4** درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا حیدر سکول سے گھر آیا تو فوراً کھیلنے لگ گیا۔ (✗)

ب صفائی نصف ایمان ہے۔ ✓

ج انسانی صحت سے قیمتی کوئی چیز نہیں۔ ✓

د ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے اِردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ ✓

ہ ہمیں ہر کام سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔ ✓

**5** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| ماحول | ہمیں اپنا ماحول صاف رکھنا چاہیے۔ |
| ایمان | ہمیں اللہ پر کامل ایمان رکھنا چاہیے۔ |
| صفائی | صفائی نصف ایمان ہے۔ |
| صحت مند | صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہوتا ہے۔ |
| سمجھ دار | سمجھ دار انسان اپنا ماحول صاف رکھتا ہے۔ |

**6** دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چاق وچوبند | حفاظت | مرمّت کرنا | تعلق | پرورش پانا |
| ہوشیار | سلامتی | ٹھیک کرنا | واسطہ | نشوونما حاصل کرنا |

**7** دیے گئے الفاظ پر اِعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نِصف | نُقصان | حِفاظَت | مُرَمَّت | مچھّر |

# قواعدِ زبان

**1** دیے گئے الفاظ کے شروع میں سابقے لگا کر نئے الفاظ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بے ______ نشان | بے ______ ادب | بے ______ کار |

**2** دیے گئے الفاظ کے آخر میں لاحقے لگا کر نئے الفاظ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| عقل ______ مند | غم ______ خوار | سائنس ______ دان |

سبق 13

# بادل اور تارے

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا جگمگ جگمگ کرتے کون آئے؟

جواب: جگمگ جگمگ کرتے نور کے پیارے ٹکڑے آئے۔

ب بادل کے انباروں سے کون چھپتا اور نکلتا ہے؟

جواب: بادل کے انباروں سے تارے چھپتے اور نکلتے ہیں۔

ج شبنم کے قطرے اوجھل ہو کر کہاں چمکتے ہیں؟

جواب: شبنم کے قطرے اوجھل ہو کر گلی گلی میں چمکتے ہیں۔

د تیز ہوا کے جھونکے کاندھوں پر کیا لے کر آئے؟

جواب: تیز ہوا کے جھونکے کاندھوں پر بادل لے کر آئے۔

ہ بچّے گلی گلی میں کیا کھیل رہے ہیں؟

جواب: بچے گلی گلی میں آنکھ مچولی کھیل رہے ہیں۔

و اس نظم کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: تلوک چند محروم۔

**2** نظم کے مطابق درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا ختم ہوا دن، سورج:

● نکلا ● ڈوبا ● چمکا ● بھاگا

ب شام ہوئی اور اُبھرے:

- چاند،سورج
- بادل
- تارے
- سیارے

ج کوئی چھپا اور کوئی :

- نکلا
- چمکا
- بھاگا
- دوڑا

د جگمگ جگمگ کرتے آئے:

- تارے
- بچّے
- سیّارے
- سارے

ہ کوئی چھپا اور کوئی نکلا بادل کے ان انباروں سے

- آسماں
- بادل
- پربت
- دھرتی

## 3 شعر مکمل کریں۔

ا جگمگ جگمگ کرتے آئے — نور کے ٹکڑے پیارے پیارے

ب کوئی چھپا اور کوئی نکلا — بادل کے ان انباروں سے

ج یا شبنم کے قطرے چمکیں — اوجھل ہو کے گلی گلی میں

## 4 درست املا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ختم | کھتم | مسّرت | مصرت | خیل | کھیل |
| ٹکرے | ٹکڑے | امبار | انبار | قطرے | کترے |

# قواعدِ زبان

دیے گئے محاورات کے معانی ان کے سامنے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بہت شور کرنا | چلے جانا | خوش ہونا |
| ڈھا دینا | بہت تھوڑا ہونا | اپنا مطلب نکالنا |

| محاورات | معانی | محاورات | معانی |
|---|---|---|---|
| نو دو گیارہ ہونا | چلے جانا | اینٹ سے اینٹ بجانا | ڈھا دینا |
| آٹے میں نمک ہونا | بہت تھوڑا ہونا | اپنا اُلو سیدھا کرنا | اپنا مطلب نکالنا |
| آسمان سر پر اُٹھانا | بہت شور کرنا | باغ باغ ہونا | خوش ہونا |

سبق **14**

# اصلی دولت

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا کرم دین کیوں پریشان تھا؟

جواب: کرم دین اپنی غربت سے پریشان تھا۔

ب کرم دین نے بابا جی کو اپنی حالت کے بارے میں کیا بتایا؟

جواب: کرم دین نے بتایا کہ : ”میں بہت غریب انسان ہوں۔ دیکھیے! میرے کپڑے جگہ جگہ سے پھٹ چکے ہیں اور یہ میرے گھر کی حالت دیکھیں! کیسی ٹوٹی پھوٹی ہے۔ اگر بارش ہو جائے تو جگہ جگہ سے پانی ٹپکتا ہے۔“

ج بابا جی نے کرم دین کو آخری پیشکش کیا کی؟

جواب: بابا جی نے آخری پیشکش کی کہ : ”اگر تم اپنے دونوں ہاتھ مجھے دے دو تو میں تمھیں اِن کے بدلے آٹھ لاکھ روپے دوں گا۔“

د کرم دین نے بابا جی کی باتوں پر کیا ردِعمل ظاہر کیا؟

جواب: کرم دین نے کہا کہ : چلو اُٹھو یہاں سے ! فوراً نو دو گیارہ ہو جاؤ ورنہ میں کوئی بدتمیزی کر بیٹھوں گا۔ میں اگر اپنے ہاتھ تمھیں بیچ دوں گا تو کام کاج کیسے کروں گا؟ مجھے لگتا ہے کہ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ تم اپنی عقل بھی کھو بیٹھے ہو جو ایسی بے عقلی کی باتیں کر رہے ہو۔

ہ بابا جی نے کرم دین کو کس بات کا احساس دلایا؟

جواب: بابا جی نے کرم دین کو اپنے ہاتھ سے محنت کرنے کی برکت اور فضیلت کا احساس دلایا کہ تم جانتے ہی نہیں کہ اللہ نے تمھیں کتنی بڑی نعمت سے نواز رکھا ہے۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا کرم دین اپنے گھر کے باہر ___اُداس___ بیٹھا تھا۔

ب بابا جی کا لباس سادہ مگر ___صاف ستھرا___ تھا۔

ج اللہ تعالیٰ لوگوں پر کسی قسم کا ___ظلم___ نہیں کرتا۔

د بابا جی نے کرم دین کو اس کی ___اصلی دولت___ سے آگاہ کر دیا۔

ہ بابا جی کرم دین کی ___بات___ سے بہت خوش ہوئے۔

**3** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا کرم دین مٹی کے بنے اپنے پرانے گھر کے باہر بیٹھا تھا:

- خوش باش
- اُداس ◉
- مگن
- ناراض

ب بابا جی نے تھیلے سے ___کیلا___ نکال کر کرم دین کو دیا۔

- انار
- سیب
- کیلا ◉
- آم

ج بابا جی نے کرم دین سے کہا کہ وہ بہت ___دولت مند___ ہے۔

- نکمّا
- دولت مند ◉
- نیک
- غریب

د اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتیں ہی انسان کی اصلی ___دولت___ ہیں۔

- دولت ◉
- آزمائش
- رحمت
- جائیداد

**4** درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا کرم دین چہرے سے ہی بھوکا اور پریشان دِکھائی دیتا تھا۔ ✓

ب بابا جی کا لباس سادہ مگر بہت صاف سُتھرا تھا۔ ✓

ج کرم دین کا گھر بہت شاندار تھا۔ ✗

د بزرگ نے کرم دین سے کہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں صحیح استعمال کر رہا ہے۔ ✗

**5** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| تسبیح | کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے۔ |
| دولت | اصل دولت اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتیں ہیں۔ |
| منظور | عادل نے بالآخر میری سالگرہ پر آنے کی پیشکش منظور کرلی۔ |
| روشن | ہماری کلاس روشن اور ہوادار ہے۔ |
| ضائع | ہمیں کھانا ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ |

**6** دیے گئے الفاظ پر اِعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نِکمّا | نِکال | غُربَت | پیشکش | نیک |

## قواعدِ زبان

دیے گئے محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| آنچ نہ آنے دینا | عش عش کرنا | جان پر کھیلنا |
| خاک میں ملانا | الٹی سیدھی باتیں کرنا | حال پر چھوڑنا |

| محاورات | جملے |
|---|---|
| آنچ نہ آنے دینا | ذیشان نے اپنے خاندان کے نام پر آنچ نہ آنے دی۔ |

| | |
|---|---|
| عش عش کرنا | اسلم نے ایسی عمدہ تقریر کی کہ سامعین عش عش کر اٹھے۔ |

| | |
|---|---|
| جان پر کھیلنا | سکاؤٹ نے اپنی جان پر کھیل کر بچے کو بچایا۔ |

| | |
|---|---|
| خاک میں ملانا | ہماری پاک فوج نے دشمن کے منصوبوں کو خاک میں ملادیا۔ |

| | |
|---|---|
| الٹی سیدھی باتیں کرنا | الٹی سیدھی باتیں مت کرو، کام کی بات پر آؤ۔ |

| | |
|---|---|
| حال پر چھوڑنا | اسلم کو بہت سمجھانے کے بعد سب نے اسکو اس کے حال پر چھوڑ دیا۔ |

دیے گئے واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد لکھیں۔

| واحد | نعمت | حالت | کپڑا | ارشاد | حکم |
|---|---|---|---|---|---|
| جمع | نعمتیں | حالات | کپڑے | ارشادات | احکام |

سبق 15

# ماحول

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا نیلوفر کس چیز کی تیاری میں مصروف تھی؟

جواب: نیلوفر اپنے پڑھائی کے کمرے میں بیٹھی امتحان کی تیاری میں مصروف تھی۔

ب نیلوفر کے امّی ابّو کہاں گئے تھے؟

جواب: نیلوفر کے ابّو اور امّی گھر کا سامان خریدنے بازار گئے تھے۔

ج صوتی آلودگی کسے کہتے ہیں؟

جواب: صوت کا معنی ''آواز'' اور آلودگی کا معنی ''گندگی'' ہے، یعنی اونچی اور تیز آواز سے پیدا ہونے والی گندگی کو ''صوتی آلودگی'' کہتے ہیں۔

د فضائی آلودگی سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: فضائی آلودگی سے ہوا گندی ہو جاتی ہے اور جب ہم گندی ہوا میں سانس لیتے ہیں تو کئی طرح کی بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ہماری آنکھوں ، پھیپھڑوں اور جلد پر فضائی آلودگی کا بہت بُرا اثر پڑتا ہے۔

ہ پانی کی آلودگی سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

جواب: پانی کی آلودگی سے ہمیں کئی طرح کے نقصانات ہوتے ہیں۔ گندا پانی پینے اور گندے پانی میں نہانے سے کئی طرح کی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا عادل کھیل کود میں مگن تھا۔

ب نیلوفر کا دھیان ــــ پڑھائی ــــ سے ہٹ رہا تھا۔

ج تیز اور اونچی آواز سے ــــ شور و غل ــــ بڑھتا ہے۔

د صوت کا معنی ــــ آواز ــــ ہے۔

ہ اونچی اور تیز آواز سے پیدا ہونے والی گندگی کو صوتی آلودگی کہتے ہیں۔

## 3 درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا نیلوفر کیا پی کر رہ گئی؟

- شربت
- غُصّہ
- چائے
- دودھ

ب ''صوت'' کا معنی کیا ہے؟

- آواز
- قدرت
- نعمت
- ساز

ج ''آلودگی'' کا معنی کیا ہے؟

- گندگی
- آواز
- شور
- صفائی

د گندا پانی پینے اور گندے پانی میں نہانے سے ہوسکتی ہے؟

- مصیبت
- بیماری
- گندگی
- پریشانی

ہ صوتی آلودگی سے بُرا اثر پڑتا ہے ہمارے:

- دماغ پر
- آنکھوں پر
- کانوں پر
- کانوں اور دماغ پر

## 4 دیے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دُھن | چُپ چاپ | ذِمّے دار | غُصّہ | اُونچی |

## قواعدِ زبان

**1** دیے گئے الفاظ میں سابقے لگا کر نئے الفاظ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| با ادب | بے خوف | بے جان |
| بے ایمان | بد قسمت | با خبر |

**2** درج ذیل جملوں میں رنگین الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیں۔

ا ابّو اور امّی گھر کا سامان خریدنے بازار گئے تھے۔ بیچنے

ب آمنہ نے ڈرائنگ روم میں رکھے ٹی وی کو اُونچی آواز میں لگا دیا۔ دھیمی

ج گندا پانی پینے سے کئی طرح کی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔ صاف

د عادل چپ چاپ بت بنا کھڑا رہا۔ بیٹھا

ہ صوتی آلودگی سے ہمارے کانوں اور دماغ پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ اچھا

سبق 16

# اِتّحاد

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا ہر سیپ کے دل میں کیا ہوتا ہے؟

جواب: ہر سیپ کے دل میں موتی ہوتا ہے۔

ب ہر بیج کو خزانہ کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: کیونکہ بیج مٹی میں مل کر ایک نئے پودے کو جنم دیتا ہے۔

ج اس نظم میں جن سمتوں کا ذکر کیا گیا ہے، اِن کے نام لکھیں۔

جواب: اس نظم میں مشرق، مغرب، شمال، جنوب کا ذکر کیا گیا ہے۔

د ''دُکھ سکھ کی دنیا ایک ہی ہے'' سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد یہ ہے کہ ساری دنیا کے انسان انسانیت کے رشتے میں جڑے ہوئے ہیں۔ لہٰذا جب ایک کو دکھ ہو تو سب کو تکلیف ہوتی ہے۔ ایک خوش ہو تو سب کا دل خوش ہوتا ہے۔ سب کے دکھ سکھ کی دنیا ایک ہے۔

ہ شاعر نے یہ کیوں کہا ہے کہ ''تفریق کہاں رہ جاتی ہے؟''

جواب: شاعر نے اس لیے کہا ہے کہ جب دکھ سکھ سب سانجھے ہیں تو پھر کس بات کی تفریق ہے۔ سب اللہ کی مخلوق ہیں اور انسان ہیں۔

و نظم ''اتحاد'' کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: نظم ''اتحاد'' کے شاعر کا نام سید محمد جمیل ہے۔

2 نظم کے مطابق درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا ہر دریا ___امرت___ ہوتا ہے

- پانی والا
- نمکین
- امرت
- ٹھنڈا

ب ہر مٹی ___سونا___ ہوتی ہے

- چاندی
- سونا
- لوہا
- مٹی

ج بکھرے ہوئے تارے ___لاکھ___ سہی

- ہزار
- لاکھ
- سینکڑوں
- چند

د ___ست___ رنگ دھنک تو ایک سی ہے

- چھے
- پانچ
- ست
- نو

ہ ہر ___بیج___ خزانہ ہوتا ہے

- بیج
- پھول
- پودا
- تنا

3 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| دھنک | بارش کے بعد آسمان پر رنگ برنگی دھنک ظاہر ہوتی ہے۔ |
| شمال | پاکستان کے شمال میں چین کی سرحد واقع ہے۔ |
| سیپ | میں سمندر پر ہر ہفتے سیپ اور موتی اکٹھے کرنے جاتا ہوں۔ |
| پھولوں | پھولوں کی مہک بہت بھلی ہوتی ہے۔ |
| بکھرے ہوئے | عادل کے کمرے میں بکھرے ہوئے اس کے کپڑے بتا رہے تھے کہ وہ ایک گندا بچہ ہے۔ |

4 دیے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سِیپ | مہک | اَمرِت | سُکھ | دَھنک |

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں میں درست جگہ پر تفصیلیہ کی علامت (:۔) استعمال کریں۔

ا دعوت کا لطف آ گیا

ب ورزش کے بہت سے فائدے ہیں:۔

ج کیا موسم ہے

د آج اتوار ہے

ہ ان کی کچھ کتابیں درج ذیل ہیں:۔

و کتابوں سے متعلق چند جملے:۔

ز خط لکھنے کے لیے چند عنوانات:۔

ح کل چُھٹی ہے

ط علامہ اقبال رَحمَۃُاللہِ تَعَالٰی عَلَیہ نے فرمایا:۔

ی پنجاب کے مشہور کھیل ہیں:۔

سبق 17

# لاہور کی یادگار عمارتیں

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا پاکستان کا دوسرا بڑا شہر کون سا ہے؟

جواب: لاہور پاکستان کا دوسرا بڑا شہر ہے۔

ب شاہی قلعے کی تعمیر میں کتنا عرصہ لگا؟

جواب: شاہی قلعے کی تعمیر میں تقریباً سو سال لگ گئے تھے۔

ج شاہی قلعے میں کون کون سی خوب صورت جگہیں اور عمارتیں ہیں؟

جواب: شاہی قلعے میں بہت سی خوب صورت جگہیں ہیں۔شیش محل کی خوب صورتی کی تو کوئی مثال ہی نہیں ملتی ۔ اس کے علاوہ دیوانِ عام ، دیوانِ خاص ، نولکھا جھروکا ،خواب گاہ ، باغات ،فوّارے، راہ داریاں سب عمارتیں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ قلعے کے دروازے اور عمارتیں بہت ہی خوب صورت ہیں۔

د دریائے راوی کے کنارے کون کون سی عمارتیں ہیں؟

جواب: دریائے راوی کے کنارے نور جہاں اور جہانگیر کے مقبرے ہیں۔

ہ قراردادِ پاکستان کی یاد میں کون سی عمارت بنائی گئی؟

جواب: مینارِ پاکستان قراردادِ پاکستان کی یاد میں تعمیر کیا گیا ہے۔

2 درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا پنجاب کا دارالحکومت ہے:

- کراچی
- لاہور
- کوئٹہ
- اسلام آباد

ب کون سی عمارت مغلیہ دور کے عروج کا نایاب نمونہ ہے؟

- ◉ شاہی قلعہ
- مزارِ اقبال
- مینارِ پاکستان
- مزارِ قائد

ج قراردادِ پاکستان کی یاد میں تعمیر کیا گیا:

- ◉ مینارِ پاکستان
- دیوانِ خاص
- شیش محل
- ہرن مینار

د بادشاہی مسجد کی محرابوں پر بنائے گئے نقش و نگار بہت خوب صورت ہیں۔

- چھت
- ◉ محرابوں
- دیواروں
- چھت اور محرابوں

3 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| تاریخی | لاہور میں بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں۔ |
| عمارت | شاہی قلعہ مغلیہ دور کی ایک خوب صورت عمارت ہے۔ |
| مزار | قائدِاعظم رَحمَۃُ اللہِ تَعالٰی عَلَیہ کا مزار کراچی میں ہے۔ |
| تعمیر | شاہی قلعہ تقریباً سو سال میں تعمیر ہوا۔ |
| محل | شاہی قلعہ کا شیش محل بہت شان دار ہے۔ |

## قواعدِ زبان

1 دیے گئے الفاظ میں لاحقے لگا کر نئے الفاظ بنائیں۔

شان ـ شان دار
الم ـ الم ناک
گل ـ گل دان
عقل ـ عقل مند
جادو ـ جادو گر
سیاست ـ سیاست دان

2 دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ بنائیں۔

| شہر | پھول | دیوان | سزا | ہرا |
|---|---|---|---|---|
| قہر | ڈھول | ایوان | فزا | بھرا |